پاکستان انٹر نیشنل اسکول جدہ (انگلش سیکشن)

دن: ____________ تاریخ: ____________

## تفہیم: "میرا دوست"



اسلم میرا بہت اچھّا دوست ہے۔ وہ دوسری جماعت میں پڑھتا ہے۔ وہ بہت نیک اور اچھّا بچّہ ہے۔ اس کی عادتیں بہت اچھی ہیں اس لیے ہر کوئی اس سے پیار کرتا ہے۔ وہ بڑوں کا ادب کرتا ہے، ہر ایک کے کام آتا ہے اور باقاعدگی سے نماز پڑھتا ہے۔ وہ صبح سویرے سیر کے لیے جاتا ہے۔ وہ اسکول شوق سے جاتا ہے اور کبھی اسکول سے چھٹی نہیں کرتا ہے۔ وہ ہمیشہ جماعت میں اوّل آتا ہے۔ ہم شام کو مل کر میدان میں فٹ بال کھیلتے ہیں۔

سوال نمبر 1: دیئے گئے سوالات میں درست جواب کا انتخاب کریں۔

☆ اسلم کو سب کیوں پسند کرتے ہیں؟

اسلم بڑوں کا ادب کرتا ہے۔

اسلم صبح سویرے سیر کے لیے جاتا ہے۔

☆اسلم باقاعدگی سے کون ساکام کرتا ہے؟

اسلم باقاعدگی سے کھانا کھاتا ہے۔

اسلم باقاعدگی سے نماز پڑھتا ہے۔



سوال نمبر 2: خالی جگہ پر کریں۔

اوّل دوسری شوق

1۔ اسلم اسکول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے جاتا ہے۔

2۔ وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جماعت میں پڑھتا ہے۔

3۔ اسلم ہمیشہ جماعت میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آتا ہے۔

سوال نمبر 3: درست جملے کا انتخاب کریں۔

فٹ بال مجھے فٹ بال کھیلنا پسند ہے۔

مجھے کھیلنا پسند ہے فٹ بال۔

نماز زیدپڑھتاہے باقاعدگی سے نماز

زید باقاعدگی سے نمازپڑھتاہے۔

سوال نمبر4: خالی جگہ میں مناسب اسم لکھیں۔

گھر سائیکل علی قلم بلی بریانی

-------------- باہر کھیل رہا ہے۔

میں نے --------------کھائی۔

میرے--------------میں دعوت ہے۔

عامر کا --------------گم ہوگیا۔

سارا -------------- چلا رہی ہے۔

-------------- سو رہی ہے۔

